الضحیٰ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱	آفتاب کی روشنی کی قسم۔
۲	اور رات کی تاریکی کی قسم جب وہ چھا جائے۔
۳	اے نبی ﷺ تمہارے پروردگار نے نہ تو تمکو چھوڑ دیا اور نہ تم سے ناراض ہی ہوا۔
۴	اور آخرت تمہارے لئے دنیا سے کہیں بہتر ہے۔
۵	اور تمہارا پروردگار عنقریب تمہیں اتنا کچھ عطا فرمائے گا کہ تم خوش ہو جاؤ گے۔
۶	بھلا اس نے تمہیں یتیم پا کر جگہ نہیں دی بیشک دی۔
۷	اور تمہیں رستے سے ناواقف دیکھا تو سیدھا رستہ دکھایا۔
۸	اور اس نے تمہیں تنگ دست پایا تو غنی کر دیا۔
۹	تو تم بھی یتیم پر ستم نہ کرنا۔
۱۰	اور مانگنے والے کو جھڑکی نہ دینا۔
۱۱	اور اپنے پروردگار کی نعمت یعنی وحی کا بیان کرتے رہنا۔